© rasailojaraid.com



## ۳۹۔ ہندبار (کاسنی) Cichorum Intybus

(المرکبۃ ۔ COMPOSITAE)

اس کے تخم اور بیخ (جڑ) دوائً مستعمل ہیں۔ تخم کاسر ریاح اور صفراء کی حدت اور سوزش کو کم کرتی ہے۔ یہ صفراء کی افزائش میں اضافہ کرکے ہضم میں مدد کرتی ہیں طحال و جگر کے بڑھ جانے اور استسقاء میں بے حد نافع ہے۔ مدر بول ہے۔ بیخ کاسنی مقوی جگر و ملطف ہے۔ اس کی خشک جڑ بھون کر COFFEE میں آمیزش و ملاوٹ کا کام لیا جاتا ہے اور اسی کو بدل کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔


## تصنیفی تربیت کے لیے وظائف

ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ کی طرف سے چار سو روپے ماہانہ کے دو وظائف دو سال کی مدت کے لیے دیے جائیں گے۔ منتخب ہونے والے افراد کو ادارہ کی طرف سے قیام کی سہولت حاصل رہے گی۔

درخواست دہندہ کا کسی معروف عربی مدرسہ کے درجۂ فضیلت یا اس کے مساوی درجہ سے فارغ ہونا ضروری ہے، ساتھ ہی ہائی اسکول کے معیار کی انگریزی کی صلاحیت بھی لازمی ہے۔ عربی نہ جاننے کی صورت میں درخواست دہندہ کا ایم اے ہونا ضروری ہے۔ بی اے پاس شدہ افراد بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ بشرطیکہ عربی میں اچھی استعداد رکھتے ہوں۔

تحریک اسلامی سے متعلق یا کسی معروف شخصیت کی تصدیق کے ساتھ حسب ذیل معلومات فراہم کی جائیں۔

(۱) نام۔ (۲) عمر (چوبیس سال سے زیادہ نہ ہو) (۳) پورا پتہ۔ (۴) تعلیمی استعداد (اسناد اور مارکس شیٹ کی نقل کے ساتھ) (۵) کورس کے علاوہ مطالعہ کی تفصیل۔ (۶) مطبوعہ یا غیر مطبوعہ مضامین کی نقل، کسی بھی زبان میں۔ (۷) ان موضوعات کی تفصیل جن سے درخواست دہندہ کو خصوصی دلچسپی ہو۔ درخواستیں لازماً ۵ دسمبر ۸۳ء تک پہنچ جانی چاہئیں۔

نوٹ: جو لوگ انگریزی یا ہندی میں لکھنا چاہتے ہوں یا جن کی مادری زبان علاقائی زبان ہو، وہ بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ انتخاب انٹرویو کے بعد ہوگا۔ جن لوگوں کو انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا انھیں ایک طرف کا کرایہ سیکنڈ کلاس مع سلیپر چارج کے دیا جائے گا۔

جلال الدین عمری

سکریٹری ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی، پان والی کوٹھی، دودھ پور، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱




© rasailojaraid.com